## پاکستان سکول عیسیٰ ٹاون، وزارت تعلیم مملکت بحرین

## پری بورڈ امتحان مئی 2021ء برائے جماعت یازدہم

نام----------------- Version Number

سیکشن-----------------

وقت برائے معروضی سوالات۔25منٹ

پرچہ-----------اردو لازمی

نمبر۔ 20

### حصہ اوّل۔ معروضی

**نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی او ایم آر(OMR) جوابی کاپی پر دیں۔جوابی کاپی کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظمِ مرکز کے حوالے کردیں۔کاٹ کردوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر 1۔مہیا کی گئی او ایم آر(OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب منتخب کرکے متعلقہ دائرہ پُر کریں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

1۔ایک شخص میں اپنی مدد آپ کرنے کا جوش،اس کی سچی: ۔

الف۔ تنزلی کی بنیاد ہے　ب۔ شہرت کی بنیاد ہے　ج۔ عزت کی بنیاد ہے　د۔ ترقی کی بنیاد ہے

2۔افلاطون نے تمام قوائے عقلیہ کا دیوتا کہا ہے:۔

الف۔اعصابی نظام کو　ب۔ دل کو　ج۔ حافظے کو　د۔ دماغ کو

3۔" دروغ گو را حافظہ نباشد "ایک مشہور-------ہے

الف۔ کہاوت　ب۔ ضرب المثل　ج۔ مقولہ　د۔حکایت

4۔اسلامی اجتماعیت کا اولین تصور------- مملکت سے وابستہ ہے۔

الف۔ نظریاتی　ب۔ جغرافیائی　ج۔ جمہوری　د۔ آزاد

5۔آنگن کونسی صنف ادب ہے ؟

الف۔ناول　ب۔افسانہ　ج۔ڈراما　د۔انشائیہ

6۔سبق" تعلیم بالغاں" کے مصنف کا نام ہے:

الف۔آغا حشر کاشمیری　ب۔ معین الدین اختر　ج۔ رتن ناتھ سرشار　د۔خواجہ معین الدین

7۔ شہر پازدگاد کس نے بسایا تھا؟

الف۔ سکندر اعظم　ب۔دارا اول　ج۔ سیروس اعظم　د۔ دارا سوم

8۔غالب نے میر سرفراز حسین کو کس لقب سے سرفراز کیا؟

الف۔ مسیح الملک　ب۔ مجتہد العصر　ج۔ حکیم الملک　د۔ قطب الملک

9۔اقبال نے صدر انجمن کے لاہور میں ہونے کے لیے کتنی وجوہ بیان کیں ؟

الف۔ دو　ب۔ تین　ج۔چار　د۔پانچ

10۔ماہر القادری کا سن فات کیا ہے؟

الف۔1978　ب۔1979　ج۔1980　د۔1981

11۔"نصیحت اخلاق "کس شاعر کی تخلیق ہے۔

الف۔اکبر الٰہ آبادیؔ ب۔میر انیسؔ ج۔نظیر اکبر آبادیؔ د۔حفیظ جالندھریؔ

12۔نظم "شہر آشوب" کا موضوع ہے۔

الف۔بدامنی ب۔بیماری ج۔انتشار د۔ بے روزگاری

13۔میر انیس نے شاعری کا آغاز کس صنف سے کیا؟

الف۔غزل ب۔مرثیہ ج۔قصیدہ د۔مثنوی

14۔سید ضمیر جعفری کے مطابق یہ سڑکیں زمین پر آدمی کی کونسی ایجاد ہیں؟

الف۔آخری ب۔بے کار ج۔بے مثال د۔اولیں

15۔غزل کا ہر شعر۔۔ہوتا ہے۔

الف۔ہم ردیف ب۔ہم قافیہ ج۔الگ الگ د۔ہم آواز

16۔میر کی غزل کا بنیادی موضوع۔۔ہے

الف۔غم ب۔شک ج۔خوشی د۔حسن

17۔خواجہ میر دردؔ کے کلام کا نمایاں وصف۔۔ہے

الف۔معاملہ بندی ب۔مقصدیت ج۔تصوّف د۔سیاست

18۔داغ کس عظیم شاعر کے استاد تھے؟

الف۔حالی ب۔غالب ج۔اقبال د۔میر تقی میر

19۔ایک چیز کو کسی مشترک خصوصیت کی بنیاد پر دوسری چیز کی مانند قرار دیا جائے تو اسی کہتے ہیں۔

الف۔تشبیہ ب۔استعارہ ج۔ تلمیح د۔ردیف

20۔"جب دو یا دو سے زیادہ الفاظ حقیقی معنوں کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوں تو وہ۔۔۔ کہلاتا ہے

الف۔استعارہ ب۔محاورہ ج۔روزمرّہ د۔ان میں کوئی نہیں

## پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن، وزارت تعلیم مملکت بحرین

## پری بورڈ امتحان مئی 2021ء برائے جماعت یازدہم

وقت۔2 گھنٹے 35 منٹ — کل نمبر حصہ دوم و سوم۔80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔اضافی جوابی کاپی طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصّہ دوم (کل نمبر 48)

**سوال نمبر 2:** دیے گئے ہر حصے میں دی گئی ہدایات کے مطابق شامل نصاب کتاب کی روشنی میں تین سے پانچ سطروں تک محدود جوابات لکھیے۔ (12×4=48)

**الف: حصہ نثر:** کوئی سے پانچ (5) اجزا کے جوابات لکھیں۔ (5×4=20)

i. ولیم ڈراگن کے اصول کا مفہوم بیان کریں؟

ii. علامہ اقبال کس طرح کی وطنیت کے مخالف تھے؟

iii. کانگرسی جلوس دیکھ کر چھمی نے کیا ردعمل ظاہر کیا؟

iv. غالب نے مراسلہ کو مکالمہ کیسے بنایا؟ وضاحت کریں۔

v. سفر نامے کی تعریف لکھیں۔

vi. بادشاہ نے وزیر سے کیا فرمائش کی؟

**ب: حصہ نظم:** کوئی سے تین (3) اجزا کے جوابات لکھیں۔ (3×4=12)

i. شہر آشوب کی تعریف لکھیں۔

ii. حمد، نعت اور منقبت میں فرق واضح کریں

iii. اخلاص کی وجہ سے کونسا سفر آسان ہو جاتا ہے؟

iv. نظم میں شہر کی سڑکوں کا نقشہ کس طرح کھینچا ہے؟

**ج: حصہ غزل:** کسی ایک جز کا جواب لکھیں۔ (1×4=4)

i. میر درد کو مے خانے کے محتسب سے کیا شکوہ ہے؟

ii. داغ دہلوی کی شاعرانہ خصوصیات پر نوٹ لکھیں۔

**د: حصہ قواعد و اصطلاحات:** کوئی سے دو اجزا کے جوابات لکھیں۔ (2×4=8)

i. صنعت تلمیح کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

ii. مطلع کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

iii. استعارہ کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں؟

**سوال نمبر 3:** درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کریں۔ (1×4=4)

اقبال مسلمانوں کو خودی کی تعلیم دیتے ہیں۔خودی ان کے کلام میں ایک اہم اصطلاح ہے۔خودی انسان کی ذات اور شخصیت کو کہتے ہیں۔انسان اپنی ذات کو پہچانے، اپنی حقیقت کو پہچانے، اپنے اور خدا کے تعلق کو سمجھے۔اگر وہ خود کو سمجھ گیا تو خدا کو پالینا کوئی مشکل کام نہیں۔اقبال مسلمانوں میں خودی کو بیدار کرنا چاہتے ہیں، کمزوری اور بزدلی کو دور کر کے انسان کو اس کے اصل مقام سے آشنا کرنا چاہتے تھے اور ایسے ہی مسلمانوں کو جن کی خودی بیدار ہو گئی وہ مومن کہتے ہیں۔

## حصّہ سوم (کل نمبر 32)

**سوال نمبر 4: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ (1+1+4=6)**

(الف) میں پاکستان کی سب اقوام کا مداح و معترف ہوں۔ اسی طرح میں پاکستان کی ہر زبان کی ترقی کا خواہاں ہوں اور ہر زبان کے فروغ کے لیے کوشاں بھی ہوں، مگر یہ سب اس شرط پر کہ ہر علاقے کی خوش حالی مجموعی قومی خوشحالی میں اور ہر خطے کی زبان ملک کی مسلمہ قومی وحدت میں کوئی خلل نہ ڈالے، بلکہ سب اپنے انفرادی رنگوں کے باوجود ملک کی وحدت کو مستحکم کرنے میں پورا پورا اشتراک کریں۔ یہ ان تاریخی حقائق کا تقاضا ہے، جن کے زیر اثر ایک الگ ملک کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا تھا۔

(ب) روحانی کیفیات کا سب سے بڑا ممد و معاون یہی کھانے پینے کی چیزوں میں احتیاط ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی ساری زندگی اس بات کا ثبوت ہے۔ میں خود اپنی زندگی کم از کم کھانے پینے کے متعلق اسی طریق پر ڈھال رہا ہوں۔ دنیا کے حالات اور عام لوگوں کے حالات ایسے ہی ہیں ان کی طرف توجہ کرنی چاہیے عام لوگوں کی نگاہ بہت تنگ ہے۔ ان میں سے بیشتر حیوانوں کی زندگی بسر کرتے ہیں۔

**سوال نمبر 5: کسی ایک جز کی بحوالہ نظم اور شاعر تشریح کریں۔ (1+1+5=7)**

(الف)
صراف، بنیے، جوہری اور سیٹھ ساہوکار — دیتے تھے سب کو نقد، سو کھاتے ہیں اب ادھار
بازار میں اڑے ہے پڑی خاک بے شمار — بیٹھے ہیں یوں دکانوں میں اپنے دکان دار
جیسے کہ چور بیٹھے ہوں قیدی قطار بند

(ب)
ہم ان سے حلم و صبر و شکر کا پیغام لیتے ہیں — کہ جب چلتے ہیں کم از کم خدا کا نام لیتے ہیں
یہ کام آئیں نہ آئیں ہم انھی سے کام لیتے ہیں — "گلوں سے خار بہتر ہیں، جو دامن تھام لیتے ہیں"
ہم ان سے مطمئن ہیں اور ہم سے شاد یہ سڑکیں

**سوال نمبر 6: کوئی سے تین اشعار کی تشریح کریں۔ شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (3+3+3=9)**

(الف) دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا — ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

(ب) محتسب آج تو مے خانے میں تیرے ہاتھوں — دل نہ تھا کوئی، کہ شیشے کی طرح چور نہ تھا

(ج) نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں، لیکن — بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے

(د) آنکھ ملتے ہی کہوں خاک حقیقت دل کی — دیکھ کر جلوہ مرے ہوش بجا ہونے دو

(ہ) سمجھو خدا کے واسطے پیارے برا نہیں — دو دن، اگر کسی کے کوئی کام آگیا

**سوال نمبر 7: ایک ٹریفک حادثے کی روداد لکھیں۔ 5**

**سوال نمبر 8: "ناجائز تجاوزات ہٹانے کے لیے" ناظم کے نام درخواست لکھیں۔ 5**